نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب کے پروگرام "ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر" کے متعلق بریفنگ

لاہور: 06اپریل 2024(   ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت زراعت ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد ہوا۔اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب کے پروگرام "ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر" کے متعلق بریفنگ دی گئی۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ فارم میکانائزیشن کے تحت 1800 زرعی آلات 710 کاشتکاروں کو جلد فراہم کردیئے جائیں گے۔انھوں نے کہا کہ صوبہ بھر میں مرکز کی سطح پر 2 کاشتکاروں کو شفاف قرعہ اندازی کے ذریعے جدید زرعی آلات فراہم کئے جائیں گے۔قرعہ اندازی میں کامیاب خوش نصیب کاشتکاروں کو ماہ جون میں جدید مشینری کی ڈلیوری یقینی بنائی جائے گی۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے متعلقہ افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ زرعی آلات بنانے والی فرمز اچھی شہرت کی حامل ہونی چاہیں۔سبسڈی پر فراہم کی جانے والی زرعی مشینری و آلات کی نیسپاک(Nespak) کے ذریعے انسپکشن کرائی جائے گی۔زرعی آلات کی ڈلیوری سے قبل مینوفیکچرنگ پلانٹس پر مشینری کی مکمل جانچ پڑتال کی جائے۔مزید براں، فارم پر ڈلیوری کے بعد بھی مشینری کا معائنہ کرایا جائے گا۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے مزید کہا کہ ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پلان کے تحت صوبہ پنجاب میں 5ہزار ٹیوب ویلز سولر سسٹم پر منتقل کئے جائیں گے۔اگلے دو سالوں میں کاشتکاروں کو 3 ہزار لیزر لینڈ لیولرز سبسڈی پر فراہم کئے جائیں گے۔بجلی پر چلنے والے ٹیوب ویلز کی سولر سسٹم پر منتقلی کیلئے 60 فیصد سبسڈی فراہم کی جائے گی۔اجلاس میں اسپیشل سیکرٹری زراعت پنجاب ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم،ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کیپٹن (ر) وقاص رشید، ڈائریکٹر جنرل زراعت (اصلاح آبپاشی) ملک محمد اکرم، ڈائریکٹر جنرل زراعت (فیلڈ) انجینیر احمد سہیل، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆